فوری ریلیز کے لیے: 2023/22/3 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے ریاست بھر میں جرائم کے اعداد و شمار کی تفصیلات بیان کیں، جن سے مالی سال 2024 کے بجٹ میں عوامی تحفظ کی سرمایہ کاری اور اصلاحات کی ضرورت اجاگر ہوتی ہے

بجٹ تجویز بندوق کے تشدد سے نمٹنے، بار بار جرم دہرانے میں کمی لانے، اور وبا کے بعد والی بحالی مدت میں فوجداری انصاف کے نظام کی حمایت کے لئے $491.9 ملین وقف کر رہی ہے

سنہ 2021 کے مقابلے میں سنہ 2022 میں ریاست کو بندوق کے ذریعے تشدد کا ڈیٹا رپورٹ کرنے والی 20 کمیونٹیز میں 15 فیصد اور نیویارک شہر میں 17 فیصد کی کمی واقع ہوئی۔

پوری ریاست میں قتل کے واقعات میں 11 فیصد کمی ہوئی، رپورٹ کردہ جرائم میں اضافہ ہوا

کامن-سینس ضمانت کی تجویز سے متضاد قوانین کے مابین الجھاؤ ختم ہوگا اور بار بار جرم کرنے والوں اور متشدد رویے والے مجرموں کو جوابدہ ٹھہرایا جائے گا

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاست بھر میں جرائم کے اعداد و شمار کی تفصیلات بیان کیں، جن سے ان کے مالی سال 2024 والے بجٹ میں شامل کردہ عوامی تحفظ کی سرمایہ کاری اور اصلاحات کی ضرورت اجاگر ہوتی ہے۔ کیپیٹل میں اپنی تقریر کے دوران، گورنر نے اسلحے کے جرائم اور تشدد کی روک تھام، جرائم کو کم کرنے اور فوجداری انصاف کے نظام کو وبا کے دور میں پیدا ہونے والی رکاوٹوں سے نمٹنے میں مدد دینے کے لیے ثابت شدہ حکمت عملیوں پر $491.9 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کا خاکہ پیش کیا۔ گزشتہ سال سے 2021 کے مقابلے میں نیویارک شہر میں زخمی کرنے والے شوٹنگ واقعات میں 17 فیصد کمی ہوئی اور ان 20 کمیونٹیز میں 15 فیصد کمی واقع ہوئی جو ریاست کو بندوق کے تشدد کا ڈیٹا فراہم کرتی ہیں، اور 2023 کے اوائل میں بھی ان واقعات میں یہ کمی جاری رہی۔ گزشتہ سال کے دوران ریاست بھر میں قتل کے رپورٹ کردہ واقعات میں 11 فیصد کمی واقع ہوئی، 94 کم افراد ہلاک ہوئے، اور جبکہ مجموعی طور پر جرائم کے انڈیکس میں 21 فیصد اضافہ ہوا ہے تاہم یہ تعداد تین دہائیوں قبل کی تعداد کے قریب تک نہیں پہنچ سکی ہے۔ گورنر Hochul نے ریاست کے ضمانت قانون کو "کم سے کم پابندی" والے معیار کو ختم کرنے کی اپنی 'کامن سینس' تجویز کا بھی اعادہ کیا، جو عدالتی صوابدید کو بحال کرنے اور ان لوگوں کو جوابدہ بنانے کے لئے کلیدی حیثیت کی حامل ہے جو بار بار جرم کرتے ہیں اور پرتشدد جرائم کا ارتکاب کرتے ہیں۔

"نیویارک کے شہریوں کا حق ہے کہ انہیں ایسا فوجداری انصاف کا نظام ملے جو حفاظت اور انصاف دونوں کو ترجیح دیتا ہو،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "نیویارک کے شہریوں کی حفاظت میری اولین ترجیح ہے، اور یہی وجہ ہے کہ میری بجٹ تجویز میں ریکارڈ درجے کی سرمایہ کاری اور ثابت شدہ حکمت عملیاں شامل ہیں تاکہ یہ امر یقینی بنایا جا سکے کہ میری انتظامیہ یہ حفاظت والا کام بالکل درست طور پر کر سکے۔ ہم اپنی پوری ریاست میں جرائم سے لڑنے کے لئے مقررہ اوقات سے بھی زیادہ وقت لگا رہے ہیں اور صحیح سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں، تاہم ہم تب تک نہیں رکیں گے جب تک نیویارک کا ہر شہری محفوظ زندگی گزار سکے۔"

گورنر Hochul نے اپنے جامع کریمنل جسٹس پلیٹ فارم، اضافی جرائم کے رجحانات پر روشنی ڈالی جو آج تک ہونے والی پیشرفت دکھا رہے ہیں اور نظام کے مؤثر ہونے اور اس کی کارکردگی یقینی بنانے کے لئے جن بہتریوں کی ضرورت ہے وہ بھی بتا رہے ہیں۔ اس سال شوٹنگ کے ان واقعات میں جن میں لوگ زخمی ہوئے کمی آنے کا سلسلہ جاری ہے اور 12 مارچ، 2023 تک نیویارک شہر کی وہ 20 کمیونٹیز جو اسلحے ست تشدد کا ڈیٹا فراہم کرتی ہیں اور گن انٹینڈ وائلنس ایلیمینیشن (GIVE) اقدام میں شامل ہیں ان میں 55 کم افراد (-34 فیصد) ہلاک ہوئے ہیں نیویارک شہر میں 44 کم افراد (-21 فیصد) فائرنگ سے زخمی ہوئے ہیں۔ مجموعی جرائم انڈیکس میں 21 فیصد اضافہ ہوا: پرتشدد جرائم (قتل، عصمت دری، ڈکیتی، خطرناک حملہ)، 10 فیصد، اور ملکیت کے جرائم (چوری، لوٹ، گاڑی کی چوری)، اسی مدت کے دوران 24 فیصد رہے۔

کریمنل جسٹس سسٹم کے اہم ترین میٹرکس وبا سے پہلے کی سنہ 2019 والی سطح پر واپس نہیں آئے ہیں، جب ریاست نیویارک نے مسلسل سات سال کی کمی کے بعد رپورٹ کردہ جرائم میں اب تک کی کم ترین سطح کا مشاہدہ کیا تھا۔ 2022 میں بدسلوکی اور سخت جرائم کی گرفتاریوں میں گو اضافہ تو ہوا ہے لیکن وہ اب بھی 2017 سے 2019 کے درمیان پولیس ایجنسیوں کی طرف سے رپورٹ کردہ تعداد سے کم ہیں۔ اس دوران، ریاست کی عدالتوں نے پچھلے سال کم کیسز نمٹائے: 2017 سے 2019 تک سالانہ نمٹائے گئے کیسز کے مقابلے میں 118,378 نمٹائے گئے کیسز رپورٹ ہوئے۔

ڈویژن برائے فوجداری انصاف کی خدمات کی کمشنر Rossana Rosado نے کہا، "مساوات اور شفافیت فوجداری انصاف کے نظام کے دو ستون ہیں جو اس بات کو یقینی بنانے کے لئے اہم ہیں کہ یہ نظام نیویارک کے تمام باشندوں کے لئے مؤثر طریقے سے کام کر رہا ہے۔ ہر ایسا شخص جو نیویارک ہوم کال کرے اسے اس بات کا یقین ہونا چاہئے کہ نظام ہمیں محفوظ رکھنے کے لئے مسلسل بہتری کی جانب گامزن ہے۔ میں ہر شخص کے لئے حقیقی انصاف اور حفاظت کے لئے ہمارے عزم میں گورنر Hochul کی حمایت اور شراکت داری کے لئے شکر گزار ہوں۔"

گورنر Hochul کی بجٹ تجویز نے کامیاب ثابت ہونے والے پروگراموں کو مزید تقویت دی ہے، سرمایہ کاری **$337 ملین:** ہو گئی ہے جو مالی سال 2023 کے بجٹ سے $110 ملین زیادہ ہے جس میں کسی ایک نسل میں پبلک سیفٹی فنڈنگ میں سب سے بڑی سرمایہ کاری شامل تھی۔ مالی سال 2024 کی تجویز میں شامل ہیں:

- نوجوانوں کے روزگار کے پروگراموں کے لیے **$84.1 ملین،** جن میں سے **$37 ملین** اسلحے پر مشتمل تشدد کے خاتمے (GIVE) کے دائرہ اختیار میں شامل پروگراموں کے لیے ہیں۔
- کمیونٹیز کو اسلحے کے تشدد کے بعد بحال ہونے کے لیے **$70 ملین،** جس میں سے **$50 ملین** کمیونٹی کی کیپیٹل ضروریات کے لیے ہیں۔
- **$36.4 ملین** اسلحے پر مشتمل تشدد کے خاتمے (GIVE) اقدام کے لئے ہیں۔
- **$31.1 ملین** جرائم میں کمی، نوجوانوں کے لئے انصاف، اور گروہ بندی کی روک تھام والے پروگراموں کے لیے۔
- **$25.9 ملین** اسٹیٹ پولیس کمیونٹی اسٹیبلائزیشن یونٹس (CSUs) کے لیے، جس سے ان یونٹس کی تعداد 16 سے بڑھ کر 25 ہو گئی ہے۔
- **$25 ملین** SNUG اسٹریٹ آؤٹ ریچ پروگرام کے لیے۔
- ریاست کے زیر تعاون کرائم اینالسس سینٹر نیٹ ورک کے لئے **$18 ملین،** بشمول نیویارک شہر میں ایک نئے مرکز کا قیام جس سے پوری ریاست میں مراکز کی تعداد 11 ہو گئی ہے۔

ایگزیکٹیو بجٹ کی تجویز میں فوجداری انصاف کے نظام کی تاثیر اور کارکردگی کو بہتر بنانے کے لئے اہم فنڈنگ بھی شامل ہے:

- تمام 62 ڈسٹرکٹ اٹارنی دفاتر کے لیے استغاثہ کی فنڈنگ کے لیے **$52 ملین** کی امداد۔

- ڈسکوری اصلاحات کے نفاذ میں معاونت کے لیے **$40 ملین** کی فنڈنگ۔
- قیدی پروگراموں کے متبادلوں کے لیے **$31.4 ملین۔**
- قبل از ٹرائل خدمات کے لیے **$20 ملین۔**
- 20 کاؤنٹی ری انٹری ٹاسک فورسز کے لئے **$11.5 ملین،** جو لوگوں کو جیل کی سزا کاٹنے کے بعد ان کی اپنی برادریوں میں دوبارہ ضم ہونے میں مدد دیتے ہیں۔

سب ملا کر، یہ سرمایہ کاری ایک ایسے جامع منصوبے کی فنڈنگ کر رہے ہے جو نظام کے تمام پہلوؤں کے امور بہتر بنائے گی اور پیچیدگیاں حل کرے گی۔ گورنر Hochul نے قوانین کے مابین موجود الجھاؤ ختم کرنے کے لئے اپنی 'کامن سینس' ضمانت والی تجویز کی ضرورت کا بھی اعادہ کیا۔ یہ 1 جنوری، 2020 کو نافذ العمل ہونے کے بعد سے قانون میں کی گئی دیگر ترامیم کو بھی تقویت دے گی، جس میں یہ امر یقینی بنانے پر بھی توجہ مرکوز کی گئی ہے کہ ججوں کو سنگین جرائم کے ملزمان اور جرائم کو دہرانے والوں کے لئے ضمانت دینے یا نہ دینے کی صوابدید حاصل ہو۔

ایک جانب تو قانون ججوں کو مدعا علیہ کی عدالت میں واپسی کو یقینی بنانے کے لئے ضروری "کم سے کم محدود ذرائع" کی بنیاد پر پیشگی فیصلے کرنے سے روکتا ہے۔ جبکہ دوسری جانب قانون ججوں کو ضمانت مقرر کرتے وقت کئی دیگر عوامل پر غور کرنے کی بھی ہدایت کرتا ہے۔ اس کے نتیجے میں انگلیاں اٹھانے کا موقع ملتا ہے اور الجھنیں پیدا ہوتی ہیں جب مدعا علیہان تشدد والے مزید جرائم کا ارتکاب کرتے ہیں۔ گورنر Hochul کی تجویز قانون میں پہلے سے شامل عوامل پر غور کرنے اور موزوں ترین انفرادی فیصلہ کرنے کے لئے جج کی صوابدید کو بحال کرتی ہے۔

عہدہ سنبھالنے کے بعد سے، گورنر Hochul نے نقلی بندوقوں، زیادہ گنجائش والی میگزینوں، اور باڈی آرمر پر پابندی لگا کر نیویارک ریاست کے بندوق کے پُرتشدد استعمال سے بچاؤ کے قوانین کو مضبوط بنانے کے لیے متعدد اقدامات کیے ہیں؛ جن جرائم میں بندوق ملوث ہو ان کے لیے ضمانت کی اہلیت کو بڑھانا؛ نیم خودکار ہتھیاروں کی خریداری کی عمر بڑھا کر 21 سال کرنا؛ اور ملک میں پہلی بار غیر قانونی بندوقوں پر بین الریاستی ٹاسک فورس قائم کرنا جس کا اجلاس مارچ کے وسط میں دوبارہ ہوا تھا، اور ان کے علاوہ متعدد دیگر اقدامات بھی شامل ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418